

# اسلام آباد میں قومی اسمبلی کے تین حلقوں کے انتخابی ٹربیونل کو الیکشن کمیشن کی جانب سے بدلنے کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کا بھرپور خیر مقدم
- الیکشن کمیشن پوری ڈھٹائی اور بے شرمی سے مینڈیٹ چوری جیسے سنگین جرم کی ادارہ جاتی سرپرستی میں مصروف ہے
- الیکشن کمیشن نے عوام کے ووٹ کو غیر مؤثر کرنے اور انتخابات کو غلاظتوں سے بھرنے کیلئے اپنی آئینی حدود سے نکل کر تگ و دو کی اور جمہوریت کا عملاً جنازہ نکال دیا
- 8 فروری کو عوامی مینڈیٹ پر کھلا ڈالنے اور ایوانوں کو فارم 47 زدہ اراکین سے بھرنے کے بعد الیکشن کمیشن کا ہدف ٹربیونلز کو انصاف سے روک کر مینڈیٹ چوروں کی ڈھال بننا ہے
- یہی وجہ ہے کہ ریٹائرڈ ججز کی ٹربیونلز میں تقرریوں کا شوشہ چھوڑا گیا تاکہ مینڈیٹ چوری کا ریاستی منصوبہ پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا سکے
- اسلام آباد کی تینوں نشستوں پر عوام کے منتخب کردہ نمائندوں کی جگہ مقتدرہ کے ٹاؤٹوں کو الیکشن کمیشن نے جعلی فارم 47 دے کر بٹھا رکھا ہے
- اپنے ٹاؤٹس بچانے اور جسٹس طارق محمود جہانگیری کو انصاف سے روکنے کیلئے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے ذریعے الیکشن کمیشن نے ٹربیونل کی تبدیلی کا فیصلہ دیا
- الیکشن کمیشن کے بیہودہ فیصلہ عدالت کی کھلی توہین اور فراہمیٔ انصاف کی راہ میں بڑی رکاوٹ پیدا کرنے کی ادارہ جاتی کوشش ہے
- سلندر سلطان راجہ اور اس کے ساتھیوں کو کٹہرے میں لایا جائے اور ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے
- تحریک انصاف آئین، قانون اور جمہوریت کے ساتھ کھڑے ہر معزز جج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی اور اپنی عدلیہ سے من حیث الادارہ دستور و قانون کی حرمت بچانے کیلئے اقدام کرنے کی ضرورت پر زور دیتی ہے

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ